urdunovellinks.com




اردوناول لنکس

www.urdunovellinks.com

urdunovellinks.com

اسلام علیکم!

اگرآپ میں لکھنے کی صلاحیت ہےاور آپ آپنا لکھاہوادنیاتک پہنچاناچاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کررہی ہے۔

www.urdunovellinks.com

اگرآپ ہماری ویب پراپناناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یاشاعری پوسٹ کرواناچاہتے ہیں تو

ابھی وٹس اپ کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اورای میل کے ذریعے رابطہ کرسکتے ہیں۔

Fb/Pg/Urdu Novel Links

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

urdunovellinks.com

# انتقام

## سوہاخان

قسط نمبر-1

ارے وکیل صاحب ہم آپ کو بڑے پیار سے کہہ رہے ہیں چھوڑدیں اس کیس کو ورنہ پھر جو ہم کریں گے وہ آپ کو کچھ خاص پسند نہیں آئے گا۔۔۔

ایک چالیس ،پینتالیس سالہ شخص چہرے پر ایک عجیب سی مسکراہٹ لائے سامنے والے شخص کو دیکھتے ہوئے بول رہا تھا۔۔۔

جبکہ سامنے بیٹھا وجود اپنے چہرے پر اطمینان لیے اس کو اس طرح اگنور کررہا تھا جسے اُس کے خود کے سوا کوئی کمرے میں موجود ہی نا ہو۔۔۔۔

دیکھو میں تمہیں آخری بار بول رہا ہوں پیسے لو اور بند کروادو اس کیس کو تمھیں جتنے پیسے چائیں ہم دے دیں گے پھری زندگی عیش کروگے اتنا مال لمال کردیں گے تمھیں۔۔۔۔

وہ شخص اپنے آپ کو اس طرح اگنور ہوتا دیکھ کر اب کی بار غصے میں بولا۔۔۔۔

دیکھیں صاحب مجھے آپ کے پیسوں کی کوئی ضرورت نہیں ہے اللہ کا دیا میرے پاس سب کچھ ہے آپ اپنے حرام کے پیسے اپنے پاس رکھیں مجھے آپ کے ان حرام کے پیسوں پر اپنی زندگی عیش میں نہیں گزارنی اور

urdunovellinks.com

یہاں سے تشریف لے جائیں۔۔۔اور ہاں رہی بات کیس چھوڑنے کو تو وہ میں نہیں چھوڑ رہا چاہئے آپ کچھ بھی کر لیں۔۔۔۔

اب کی بار سامنے بیٹھا وجود اپنی گہری کالی آنکھوں کو سامنے والے شخص پر گاڑ کر سرد لہجے میں بولا اور واپس اپنے کام میں مصروف ہو گیا۔۔۔۔

وہ شخص بھی اپنے دل میں اپنی بے عزتی کا بدلہ لینے کا عزم کر غصے سے اُٹھتا آفس سے باہر نکل گیا۔۔۔۔۔

پیچھے بیٹھے اُس نے گہرا سانس لے کر خود کو نارمل کیا پھر واپس سے اپنے کام میں مصروف ہو گیا۔۔۔۔

**********************

موٹے جن واپس کرو میری چاکلیٹ۔۔۔۔اپنی کھالی اور اب میری بھی کھا رہے ہو موٹے۔۔۔۔۔آج بھائی کو آنے دو تمہاری شکایت لگاؤں گی موٹے جن پھر دیکھنا کیسے مار پڑتی ہے تمھیں۔۔۔۔

وہ بھاگتے ہوئے چیخ رہی تھی لیکن آگے بھاگنے والا وجود تو اپنے کان بند کر کے چاکلیٹ کو منہ میں ٹھوستے ہوئے گیٹ سے باہر نکل گیا لیکن جانے سے پہلے چاکلیٹ کا خالی پیکٹ اُس پر پھینکنا نہیں بھولا تھا ساتھ ہی اُس نے اپنے دانتوں کی نمائش کرتے جلتی پر تیل پھینکا۔۔۔۔

وہ اُسے گیٹ سے باہر نکلتا دیکھ کر اپنے دل میں ہی اُسے کئی القاب سے نوازتے پیر پٹختے منہ بنا کر واپس اندر کی طرف بڑھ گئی۔۔۔۔۔

موم دیکھیں اپنے اس موٹے کالے جن کو میری بھی چاکلیٹ کھا گیا ہے وہ بھائی میرے لیے لائے تھے۔۔۔۔

اندر آتے ہی وہ لاؤنج میں رکھے صوفے پر گرنے کے انداز سے بیٹھتے ہوئے اپنی موم سے بولی جو صوفے پر بیٹھی ٹی وی پر کوئی شو دیکھ رہی تھیں۔۔۔۔

کوئی بات نہیں بھائی سے کہنا اور لے آئے گا آتے ہوئے۔۔۔۔

urdunovellinks.com

اُس کی موم نے اُسے دیکھتے ہوئے پیار سے کہا۔۔۔وہ جانتی تھیں یہ لڑائی اور شرارتیں روز کا معمول ہے اس گھر کا۔۔۔

ہمممم کہتی ہوں بھائی کو لیکن اس موٹے کو مزا چکھا کر رہوں گئ میں بھی ہنہ۔۔۔۔۔

وہ اپنا فون اپنے پینٹ کی پاکٹ سے نکالتے ہوئے بولی۔۔۔۔

بھائی کو دو چاکلیٹ لانے کا بول کر وہ ٹی وی دیکھنے لگی جہاں اب خبریں لگی ہوئی تھی جس میں بتایا جارہا تھا کے " دی بلیک ہارٹ " نام کی مافیا گینگ نے ایک کوٹ میں بلاسٹ کیا ہے جس میں کچھ لوگ زخمی ہوئے ہیں اور کچھ کی موت ہوگئی ہے۔۔۔۔

اووووو موم۔۔۔۔

******************

ب۔۔باس ما۔۔ل ہم تک پہنچنے سے پہلے ہی پولیس کمیشنر بابر کے ہاتھ لگ گیا ہے۔۔۔۔

تم لوگ کہاں مرے ہوئے تھے اُس وقت کس لیے اتنے لوگ بیجھے تھے میں نے۔۔۔میرا اتنا نقصان کردیا تم لوگوں نے بے وقوف انسان تم لوگوں کی وجہ سے کروڑوں کھودیے ہیں میں نے۔۔۔۔

وہ اتنے سرد لہجے میں دھاڑا کے ایک پل کو سامنے کھڑے شخص کا پورا وجود ہل گیا۔۔۔۔

وہ بوس۔۔۔وہ۔۔۔ہم۔۔۔۔

ٹھا۔۔۔۔

اُس شخص کے بات مکمل کرنے سے پہلے ہی ایک گولی اس کے دل کے مقام پر لگی جس سے وہ ایک چیخ میں ہی مردہ ہوگیا اور خون اُس کے جسم سے اُبل اُبل کر فرش کو بیگونے لگا۔۔۔۔۔

مجھے بزدل لوگ اپنی گینگ میں نہیں پسند۔۔۔باقی لوگوں کا بھی اب یہی حال ہونے والا ہے۔۔۔۔

urdunovellinks.com

وہ شخص سفاکی سے کہتا اُس مردہ وجود کو دیکھتے کمرہ سے باہر نکلا اور ملازموں کو کمرہ صاف کرنے کا بول کر دوسرے کمرہ میں چلا گیا۔۔۔

********************

ایجنٹ میں آپ کو یہ کیس دے رہا ہوں میں چاہتا ہوں کے آپ اس کیس میں اپنا بیسٹ دیں۔۔۔آپ نے پہلے بھی بہت اچھے سے سب کیسز کو دیکھا ہے۔۔۔مجھے اس کیس کا بھی رزلٹ اچھا ملنا چاہیئے۔۔۔مجھے ناامید مت کریگا۔۔۔

ایک رعب دار آواز کمرے میں گونجی۔۔۔

آپ میری وجہ سے کبھی ناامید نہیں ہوں گے سر یہ میرا وعدہ ہے آپ سے۔۔۔

سامنے سے ایک تحمل بھرا جواب آیا۔۔۔

ہمم۔۔۔ایجنٹ اب آپ تیار ہو جائیں۔۔۔میں کچھ اہم باتیں بتا دیتا ہو آپ کو جو آپ کے لیے اس کیس کو حل کرنے میں مددگار ثابت ہو گی۔۔۔

سر نے اپنے کبرڈ کی جانب بڑھتے ہوئے کہا اور اُسے اپنے پیچھے آنے کا کہا۔۔۔

اوکے سر۔۔۔

**********************

بلیک پینٹ شرٹ پہنے،اپنے گولڈن بالوں کو پونی میں قید کیے،اپنے پرکشش چہرے پر بلیک گوگلز لگائے وہ انتہائی خوبصورتی سے پاکٹس میں ہاتھ ڈالے راہداری سے چل رہی تھی۔۔۔

میم رکیں پلیز اندر مت جایئے۔۔۔

urdunovellinks.com

اُس کے پیچھے بھاگتا ہوا مینیجر اُسے آفس میں جانے سے روک رہا تھا مگر وہ اُس کی کسی بھی بات پر بغیر کان دھرے آگے کی جانب بڑھ رہی تھی۔۔۔اُس کی ہیلز کی ٹک ٹک پوری راہداری میں گونج رہی تھی۔۔۔ کلک کی آواز سے دروازہ کھلا اور وہ آفس کے اندر داخل ہوئی۔۔۔

سامنے ٹیبل کے پیچھے بیٹھے شخص نے لیپ ٹاپ سے نظریں ہٹا کر سامنے دیکھا جہاں ایک خوبصورت اور ماڈرن لڑکی کھڑی تھی۔۔۔

اسلام علیکم !

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

www.urdunovellinks.com

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی وٹس اپ کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Urdu Novel Links

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

urdunovellinks.com

سر میں نے میم کو روکا تھا مگر یہ سن ہی نہیں رہی تھی میری بات۔۔۔۔

پیچھے سے آتے مینیجر نے اُسے بتایا جواب لڑکی کو چھوڑ کر مینیجر کو گھور رہا تھا۔۔۔۔

میم پلیز آپ باہر آئیں۔۔۔۔

مینیجر نے اُس کے گھورنے پر لڑکی سے کہا مگر وہ اپنی جگہ سے نہیں ہلی۔۔۔۔

تم جاؤ۔۔۔۔

اُس نے مینیجر کو باہر جانے کا اشارہ کیا تو مینیجر سر ہلاتے باہر نکل گیا۔۔۔۔

وہ لڑکی آہستہ سے چلتی ٹیبل کے سامنے والی کرسی پر جا کر ٹانگ پر ٹانگ چڑھا کر بیٹھ گئی اُس کا اٹیٹیوڈ ایسا تھا جیسے پوری دنیا فتح کر کے آئی ہو۔۔۔۔

اُس شخص نے آئی برو اچکا کر اُسے اپنی نیلی آنکھوں سے دیکھا جیسے پوچھ رہا ہو کیا چاہیئے۔۔۔۔

دی گریٹ ڈیول۔۔۔۔

اُس نے ٹیبل کے اوپر سے پیپر ویٹ اُٹھا کر ہاتھ میں گھماتے ہوئے کہا جبکہ سامنے والا اُس کے منہ سے یہ لفظ سنتے حیران ہوا تھا کیوں کہ بہت ہی کم (مافیا کی دنیا سے تعلق رکھنے والے) لوگ جانتے تھے کے وہ ہی دی گریٹ ڈیول ہے۔۔۔۔

کون ہو تم اور یہاں کیا لینے آئی ہو؟۔۔۔۔اُس نے اپنے ازلی سخت اور سپاٹ لہجے میں پوچھا۔۔۔۔

میں نے سنا ہے کے تم کمیشنر بابر کے سب سے بڑے دشمن ہو کیوں کے اُس نے تمھارا کڑوروں کا مال اپنے قبضے میں کر لیا ہے میں زیادہ نہیں بس تمھاری گینگ میں شامل ہونا چاہتی ہوں کیوں کہ میں نے بھی اُس سے کچھ پرانے زخموں کا حساب لینا ہے۔۔۔۔

urdunovellinks.com

اُس نے نظریں ٹیبل پر گول گول گھومتے پیپر ویٹ پر جمائے جواب دیا۔۔۔

اُس کی بات سنتے سامنے والا بے ساختہ قہقہہ لگا گیا تھا۔۔۔

اُس کے قہقہہ لگانے پر اُس نے اپنی نظریں اُس کے چہرے پر اُٹھائی تو خود کو اُس کے ڈمپلز میں کھوتا محسوس کیا مگر جلد ہی خود کو سنبھالتے ہوئے اُس نے نظریں پھیر لیں۔۔۔

تم نے میرے بارے میں اتنی انفرمیشن نکالی ہے مگر یہ پتا نہیں کیا کے میں اپنی گینگ میں لڑکیوں کو نہیں لیتا تمھیں بابر سے مسئلہ ہے تو خود نبٹاؤ۔۔۔

اُس نے واپس سے سپاٹ لہجے میں کہا۔۔۔

اگر تم نے مجھے نالیا تو میں آرمی کو بتادوں گی تمھارے بارے میں۔۔۔

اُس لڑکی نے مسکراتے ہوئے اُسے دھمکی دی۔۔۔

اور تمھارے یقین کون کرے گا۔۔۔کیا تمھارے پاس کوئی ثبوت ہے؟۔۔۔

اُس نے غور سے اُس لڑکی کے چہرے کو دیکھتے ہوئے پوچھا۔۔۔

ہاں یہ ویڈیو۔۔۔

اُس نے کہتے ساتھ اپنی پاکٹ سے فون نکال کر اُس کے سامنے کیا جہاں ابھی دومنٹ پہلے کی ویڈیو چل رہی تھی جس میں ڈیول اُس کے منہ سے اپنا نام سنتے چونکا تھا جس سے صاف معلوم ہو رہا تھا کے وہ ہی ڈیول ہے باقی آگے کی بھی ویڈیو تھی۔۔۔

آج پہلی مرتبہ دی گریٹ ڈیول کو کسی لڑکی نے خود سے امپریس ہونے پر مجبور کیا تھا۔۔۔

ٹھیک ہے مگر میری گینگ میں صرف وہی لوگ آسکتے ہیں جو بہادر ہوں جنے موت کا خوف نا ہو اور میرے ساتھ مخلص ہوں باقی لوگوں کی کوئی جگہ نہیں یہاں۔۔۔

urdunovellinks.com

ڈیول نے اُسے غور سے دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔۔

اگر مجھے موت کا خوف ہوتا تو میں یہاں تمھارے سامنے نا بیٹھی ہوتی اور مخلصی کا مجھے علم نہیں۔۔۔۔

وہ لاپرواہی سے کہتی ایک مرتبہ پھر سے پیپر ویٹ اُٹھا کر انگلیوں میں گھمانا شروع کر چکی تھی۔۔۔۔

ایک کیس دوں گا تمھیں اگر تم نے اُسے سولو کر لیا تو تم میرے گینگ کا حصہ ہوئی ورنہ تم اپنا راستہ ڈھونڈ لینا

۔۔۔۔

ڈیول نے نظریں اُس کے چہرے پر رکھتے ہوئے بات کی ساتھ ہی وہ اُس کے تاثرات کا بھی جائزہ لے رہا تھا

۔۔۔۔وہ جاننا چاہتا تھا کے وہ سچ میں اُس کی گینگ کے قابل ہے یہ نہیں۔۔۔۔

ٹھیک ہے مجھے تمھاری یہ شرط منظر ہے۔۔۔۔

اُس نے ڈیول کی بات مانتے سر ہلایا۔۔۔۔

اوکے پھر کل تمھیں کیس کی ڈیٹیلز مل جائیں گی۔۔۔۔

ڈیول کہتے ساتھ اپنے لیپ ٹاپ پر جھک گیا تھا جس کا صاف مطلب تھا تم جا سکتی ہو۔۔۔۔وہ بھی ایک نظر ڈیول پر ڈالتی وہاں سے اُٹھ گئی اور جیسے آئی تھی ویسے ہی پینٹ کی پاکٹس میں ہاتھ ڈالے وہاں سے نکل گئی

۔۔۔۔

اس لڑکی پر نظر رکھو یہ مجھے ٹھیک نہیں لگتی۔۔۔۔

کیب میں بیٹھتے اُس کے کان میں لگے آلے سے اُسے ڈیول کے یہ الفاظ سنائی دیے تو وہ ہلکا سا مسکرا دی اُس کی مسکراہٹ کافی عجیب تھی جس میں کہی راز پوشیدہ تھے اب وہ راز کیا تھے یہ تو وقت بتانے والا تھا۔۔۔۔

جاری ہے

urdunovellinks.com

اسلام علیکم !

اگرآپ میں لکھنے کی صلاحیت ہےاورآپ آپنالکھاہوادنیاتک پہنچاناچاہتےہیں۔تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کوپلیٹ فارم فراہم کررہی ہے۔

www.urdunovellinks.com

اگرآپ ہماری ویب پراپناناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یاشاعری پوسٹ کرواناچاہتےہیں تو

ابھی وٹس اپ کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اورای میل کے ذریعے رابطہ کرسکتے ہیں۔

Fb/Pg/Urdu Novel Links

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Urdu Novel Links